© rasailojaraid.com



# تبصرہ و تعارفِ کتب

زیرنظر کتاب ''مغربی میڈیا اور اس کے اثرات'' جناب نذرالحفیظ ندوی کی ایک چونکا دینے والی فکری تحریر ہے۔ اس کا ایک اقتباس مجلّہ فقہ اسلامی کے اسی شمارہ میں ہم نے ''مغربی میڈیا کی فتوحات'' کے عنوان سے شائع کیا ہے جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ مولانا نذرالحفیظ صاحب نے کس حساس موضوع کو چھیڑا ہے۔ کتاب کے عنوانات کچھ اس طرح ہیں:

نیا عالمی نظام۔ خصوصیت، وسائل اور مقاصد، امریکی حکومت کے در و بست پر حاوی ہونے کا منصوبہ، مختلف ممالک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کا آغاز، حکومتوں کے اختیارات کے بڑے حصے، اقوامِ متحدہ کو عالمی حکومت کی حیثیت، نئے گروپ، قوموں کی دماغی تطہیر کی تیاریاں، نئے عالمی نظام کی خصوصیت، انسانی آبادی اور اخلاقی قدریں، دورِ جدید کی تحریک، نئے عالمی نظام کے پس پردہ کارفرما ادارے اور تنظیمیں، لندن اسکول برائے اقتصادیات، امریکی کلیسا کی تنظیم، نیا عالمی نظام۔ تخیل اور عمل، نئے عالمی نظام کا سیاسی ڈھانچہ، نئے عالمی نظام کی تاسیس میں اقوامِ متحدہ کا کردار، فوجی قوت کی نوعیت، نئے عالمی نظام کی تشکیل میں امریکہ کا کردار، یہودی میڈیا اور اس کے اثرات، عالمی خبررساں ایجنسیاں، ریوٹر کی کہانی، ایسوسی ایٹیڈ پریس، یونائیٹڈ پریس، فرانسیسی نیوز ایجنسی، برطانوی صحافت، امریکی میڈیا، امریکی روزنامے، ماہنامے اور سہ ماہی رسالے، کمپنیوں کے بلیٹن اور منشورات، مشہور امریکی روزناموں کی یومیہ اشاعت، امریکی میڈیا پر یہودی قبضہ کی داستان، امریکی میڈیا کے متعلق امریکیوں کی رائے، عالمی یہودی صحافت پر ایک نظر، مسیحی معاشرہ کی تباہی میں یہودی میڈیا کا رول، مسیحیوں کے متعلق یہودیوں کے عقائد و عزائم، ذرائع ابلاغ کی تعریف، مغربی میڈیا کی پالیسی، مغربی نیوز ایجنسیوں کی رپورٹنگ، مغربی فلموں پر ایک نظر، پردار بلی، دولت کی فراوانی، فتنہ پرور انسان، شہوت پرست انسان، سطحی انسان، شیطان آدمی، آئندہ کے لئے خطرہ، مغربی ٹی وی کمپنیوں کے ذریعہ مسلمانوں کی کردارکشی، تاریخی پس منظر، مصری میڈیا: جائزہ اور تجزیہ، دار الہلال، مصری میڈیا کے نمونے، مصری ٹیلیویژن، تجربہ کے نتائج، مصری معاشرہ پر میڈیا کے اثرات و نتائج، کویت پر ایک نظر، قاہرہ ٹیلیویژن کے پروگرام کا ایک اجمالی جائزہ، قاہرہ ریڈیو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے پروگرام، سعودی میڈیا پر ایک نظر، امریکی فلموں کے منفی اثرات، ہندوستانی میڈیا مغرب کے نقش قدم پر، اباحیت کی ترویج و اشاعت میں ہندوستانی میڈیا کا کردار، اشتہارات کا نمونہ، عالمی تہذیب کے نقشے میں ہندوستان کی جگہ، چھوٹے بچے بڑوں کے نقش قدم پر، ہندوستانی معاشرہ پر ٹی وی کے اثرات، پاکستانی میڈیا پر ایک نظر، تاریخی پس منظر، ثقافتی پالیسی میں سے چند مثالیں، پاکستانی معاشرہ پر مغربی میڈیا کے اثرات، پاکستانی صوبہ پنجاب کی تصویر، ٹی وی کے اثرات ہندوستانی ماہرین کی نظر میں، دماغی غسل، رائے عامہ، تھا جو نا خوب بتدریج وہی خوب ہوا، مطبوعات، مطبوعات کی خصوصیات پر ایک نظر، سماعت کے وسائل، انسانی زندگی پر ریڈیو کے اثرات کے دو پہلو ہیں، انسانی زندگی پر ریڈیائی پیغامات، بصری وسائل و ذرائع، بصری وسائل و ذرائع، سمعی اور بصری وسائل و ذرائع، ٹی وی کا اجتماعی زوال، ڈرامے اور کہانیاں، سینما اور کہانیاں، شخصی رابطہ یا ذاتی تعلق، افواہ سازی، پروپیگنڈہ اور نفسیاتی جنگ، پروپیگنڈہ کی قسمیں، پروپیگنڈہ کے مقاصد، پروپیگنڈہ کے اسالیب، لابنگ کا نیا نظام، اسلام میں میڈیا کی دینی اہمیت و ضرورت، میڈیا اور دعوت، تکرار و اعادہ، جدت طرازی، یاددہانی یا تذکیر، اسلامی میڈیا کی عمومی خصوصیات، پاکیزہ اور بلند مقاصد، اسلامی میڈیا کی ہمہ وقت بیداری و نگرانی، نوجوانوں سے متعلق اسلامی میڈیا کی ذمہ داریاں، خواتین، سن رسیدہ حضرات، کامیاب میڈیا کی خصوصیات، شب گریزاں ہوگی آخر جلوۂ خورشید سے۔

کتاب سوا چار سو صفحات پر مشتمل ہے اور مجلس نشریاتِ اسلام ناظم آباد کراچی نے شائع کی ہے۔ نئے عالمی نظام کو سمجھنے، عالمی سطح پر میڈیا کے اثرات کو جاننے اور مسلم ممالک میں اس نئے نظام بڑھتے ہوئے خطرناک اثرات کو کم کرنے کے لئے جو نوجوان اپنے اندر اسلامی جذبہ رکھتے ہوں ان کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید بھی ہے اور ضروری بھی۔

**درود شریف کی خوبصورت کتاب جمال و کمالِ درود شریف مفت حاصل کیجئے**

☆ سو کے قریب درود شریف کے مختلف صیغے ☆ صفحات ۲۱۶ ☆ گلیز کاغذ ☆ عمدہ طباعت

☆ نفیس ٹائیٹل ☆ ایک صاحب دل روحانی شخصیت کی زیر سرپرستی اشاعت ☆

ملنے کا پتہ: حلقہ چشتیہ صابریہ عارفیہ ۶۸۔ ۷ / ۶ اور سیز ہاؤسنگ سوسائٹی بلاک ۸ / ۷ کراچی

☆ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت ۱۶۴ ہجری اور سن وصال ۲۴۱ ہجری ہے ☆

© rasailojaraid.com